ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(171)

مورخہ 17/03/2023

## بہاولپور(     )ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی پروفیشنل کمانڈ کے ثمرات، تھانہ عباس نگر پولیس کی چوری کے مقدمات میں بھاری ریکوری، 20 لاکھ سے زائد مالیت کے سولر پلیٹس اور کنورٹر وغیرہ برآمد۔03 ملزمان پابند سلاسل ۔بہاولپور پولیس کی طرف سے شہریوں کو ریلیف دینے کا سلسلہ جاری رہے گا، ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب، ایڈیشنل آئی جی جنوبی پنجاب کی جرائم کے خلاف جاری مہم کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور سید محمد عباس کی پروفیشنل کمانڈ کے ثمرات آنے کا سلسلہ جاری ہے۔SDPO سرکل صدر بہاول پور کی زیرنگرانی پولیس تھانہ عباس نگر کی ٹیم نے ایس ایچ او کی زیرقیادت 03 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ملزمان کے قبضہ سے 20 لاکھ سے زائد مالیت کے سولر پلیٹس اورکنورٹرز وغیرہ کوریکورکرلیا گیا۔ڈی پی او بہاولپور نے ٹیم کوشاندار کارکردگی پر شاباش دی۔ اس موقع پر ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ مجرم جرم کر کے قانون کی نظر سے کسی صورت نہیں بچ سکتا، مجرمان کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے آپریشن کو تیز کیا جائے گا تاکہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جاسکے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور: تھانہ عباس نگر پولیس کی چوری کے مقدمات میں بھاری ریکوری، 20 لاکھ سے زائد مالیت کے سولر پلیٹس اور کنورٹر وغیرہ برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(172)

مورخہ 17/03/2023

**بھاولپور ( ) تھانہ سٹی احمد پورشرقیہ اور تھانہ صدر یزمان پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی، قمار بازی ایکٹ کے تحت کارروائی کرتے ہوئے تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ نے 14 ملزمان کو داؤ پر لگی رقم سمیت گرفتار کرلیا جبکہ تھانہ صدر یزمان پولیس نے 01 منشیات فروش کو گرفتار کر کے 01 کلوگرام سے زائد چرس برآمد کر لی، ملزمان پابند سلاسل ۔جرم جیسا بھی ہو معاشرے سے جرم کو جڑ سے ختم کرنا ہے، ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی ۔ڈی پی او سید محمد عباس**

بھاولپور( )ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ اور تھانہ صدر یزمان پولیس کی قمار بازوں اور منشیات فروشوں کے خلاف بڑی کارروائی ،تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس نے داؤ پر لگی 01 لاکھ 55ہزار سے زائد رقم برآمد کر لی جبکہ تھانہ صدر یزمان پولیس نے 01 **ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 01 کلو 550 گرام چرس برآمد کر لی**،ملزمان پابند سلاسل ۔عوام الناس کا ایس ایچ اوز اور ٹیم کو خراج تحسین، جرم جیسی اس لعنت سے نوجوان نسل کی تباہی کو روکنا مقصود ہے، ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ پولیس نے مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بھاولپور: تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس نے قمار بازی ایکٹ کے تحت کارروائی کرتے ہوئے 14 ملزمان کو داؤ پر لگی رقم سمیت گرفتار کرلیا